QUETTA ELECTRIC SUPPLY COMPANY (QESCO)
PRESS RELEASE پریس ریلیز
Address: office of the Chief Executive Officer QESCO, Zarghoon Road Quetta Cantt
Phone: +92-81-9201873. E-mail : qescopr@gmail.com

نمبر: کیسکو پی آر 209

رمضان المبارک کے مہینہ میں سحر، افطار اور تراویح کے اوقات میں بلاتعطل بجلی فراہم کی جائے گی: کیسکو

کوئٹہ: 17 فروری 2026ء۔۔۔۔۔۔کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) نے رمضان المبارک کے مہینہ میں بلاتعطل بجلی فراہمی کیلئے مختلف انتظامات کر لئے ہیں۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر کیسکو انجینئر یوسف شاہ خان کی ہدایت پر کیسکو کے جنرل منیجرز اور چیف انجینئر کی زیرنگرانی کیسکو ہیڈکوارٹر میں پاور ڈسٹری بیوشن سینٹر (پی ڈی سی) میں ریجنل کنٹرول روم قائم کر دیا گیا ہے تاکہ رمضان المبارک کے مقدس مہینہ میں سحر، افطار اور تراویح کے اوقات کار میں بجلی کی مسلسل اور صورتحال کو مانیٹر کیا جاسکے۔

رمضان المبارک کے مہینے میں صوبائی دارالحکومت کوئٹہ شہر میں سحر، افطار اور تراویح کے دوران بجلی کی لوڈشیڈنگ نہیں کی جائے گی جبکہ کوئٹہ شہر سے باہر بھی تمام ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹرز کو بھی سحر، افطار اور تراویح کے اوقات میں بلاتعطل بجلی فراہم کی جائے گی۔ تاہم صوبہ میں موجود تمام رورل فیڈروں کو اُنکے پرانے شیڈول کے مطابق مختلف اوقات کار میں بجلی فراہم کی جائے گی۔ علاوہ ازیں تمام آپریشن سرکلز میں سپرنٹنڈنگ انجینئرز کی زیرنگرانی ڈویژن اور سب ڈویژن کی سطح پر صارفین کی شکایات کے ازالہ کیلئے خصوصی ٹیمیں بھی تشکیل دے دی گئی ہیں تاکہ بجلی کی تکنیکی خرابی، ٹرانسفارمرز کی بروقت تبدیلی کے علاوہ صارفین کے انفرادی شکایات کا بھی جلد از جلد ازالے کو کم سے کم وقت میں یقینی بنانا ہے۔

صارفین بجلی بندش یا انفرادی شکایت کیلئے براہ راست 118 پر کال یا اپنے موبائل سے 8118 پر بجلی بل کا حوالہ نمبر لکھ کر بذریعہ میسج (SMS) بھی شکایات درج کرواسکتے ہیں۔ علاوہ ازیں کیسکو کے مرکزی کمپلینٹ سیل (ٹیلی فون نمبر 0819201445) یا اپنے متعلقہ سب ڈویژنز کے نمبرز پر شکایات درج کرواسکتے ہیں۔ صارفین کی مزید آسانی کیلئے شکایات کے اندراج اور فوری ازالہ کیلئے بذریعہ واٹس ایپ موبائل نمبر 03198088439 پر بھی بجلی بل کی کاپی منسلک کرکے اپنا ایکٹو موبائل نمبر لکھ کر بھی شکایات درج کرواسکتے ہیں تاکہ صارف کی متعلقہ جگہ کی درست نشاندہی ہوسکے اور کیسکو عملہ متعلقہ جگہ پر فوراً پہنچ کر بجلی بحالی کیلئے اقدامات کرسکیں۔

# # #